بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ارشاداتِ نبوی

صلی اللہ علیہ وسلم

اُردو ترجمہ :

مُحمّد میاں صدّیقی

زیرِ نگرانی :

رشید احمد (جالندھری) پی-ایچ-ڈی

محکمہ اوقاف پنجاب - لاہور

ارشادات نبوی ﷺ

اُردو ترجمہ

محمد میاں صدیقی

زیرِ نگرانی

رشید احمد (جالندھری) پی ایچ ۔ ڈی

ناشر

محکمۂ اوقاف

حکومتِ پنجاب ۔ لاہور

پہلی بار

تعداد ... پانچ ہزار

ربیع الاول ۱۳۹۱ھ ، مئی ۱۹۷۱ء

ناشر

شعبہ تعلیم و مطبوعات محکمہ اوقاف ، پنجاب

شاہ چراغ چیمبرز ، شاہراہ قائد اعظم ، لاہور (پاکستان)

قیمت : تین روپے پچاس پیسے

باہتمام

ادارہ فروغِ اسلام

سعید منزل ، ۱۶۸ انارکلی ، لاہور

طابع

زرین آرٹ پریس

۶۱ ریلوے روڈ ، لاہور

انتساب

دنیا بھر کے مظلوم انسانوں کے نام! جن کو
بدی کی طاقتوں سے نجات دلانے کے لیے
جناب رسالت مآب ؐ زندگی بھر برسرِ پیکار رہے

پیشِ لفظ

بہت دن پہلے شعبۂ تعلیم و مطبوعات ، اوقاف نے اردو اور انگریزی زبان میں ارشاداتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مجموعہ اور ایسے ہی جناب رسالت مآبؐ کی پاکیزہ زندگی پر ایک مستند کتاب شائع کرنے کا فیصلہ کیا تھا ۔

ہماری درخواست پر شیخ شہید اللہ صاحب نے احادیث کا انگریزی ترجمہ کیا ، لیکن ان کا مسودہ ضروری حوالوں سے خالی تھا ۔ چنانچہ ہم نے ان کے مسودے کو از سرِ نو ترتیب دیا اور ترجمہ شدہ احادیث کے اصل حوالوں کو تلاش کیا ۔ ان فرمودات کا اکثر حصہ بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے ۔ چنانچہ ہم نے حاشیہ میں ابو زکریا نووی کی ریاض الصالحین کا حوالہ دیا ۔ لیکن جب کبھی کوئی حدیث نووی نے ترمذی یا ابوداؤد کے حوالے سے نقل کی ہے ، ہم نے دونوں حوالوں کو نقل کر دیا ہے ۔

قرآن مجید کی آیات کا انگریزی ترجمہ پکتھال کے انگریزی ترجمے سے دیا گیا ہے اور اردو ترجمہ مرحوم ابو الکلام آزاد اور فتح محمد جالندھری کے تراجم سے ۔ اس کے ساتھ ہی ہم نے یہ بھی طے کیا کہ انگریزی ترجمے کے ساتھ ساتھ اردو ترجمہ بھی آنا چاہیے ۔

رہی یہ بات کہ جناب رسالت مآبؐ کی زندگی پر مستند کتاب تیار کی جائے ۔ تو ہمیں امید ہے کہ محکمہ اوقاف اس بارے میں مستند کتاب شائع کرکے اپنے فرائض کو ادا کرے گا ۔ یہ امر یقیناً

قابلِ افسوس ہے کہ پاکستان کے مذہبی اور ثقافتی ادارے ، جن پر قوم کے لاکھوں روپے خرچ ہوئے ہیں ، آج تک اس موضوع پر انگریزی زبان میں ایک بھی مستند کتاب شائع نہیں کر سکے ۔

جناب رسالت مآبؐ کے ارشادات گرامی کسی پیش لفظ کے محتاج نہیں ہیں ۔ آپؐ کے کلام نے اپنے حسن اور پاکیزگی سے عربی زبان کو نئی آب و تاب اور رونق بخشی ہے ۔ آپ کا پیغام ، جیسا کہ قرآن مجید نے بیان فرمایا ہے ، انسان کو انسان سے اور صدیوں پرانی بیمار اور اپاہج سوسائٹی کے رسم و رواج اور خرافات سے آزاد کراتا ہے ۔ اس پیغام کا بنیادی نقطہ یہ ہے کہ انسان آسمان کے ساتھ اپنے رشتوں کو استوار کرے ۔ ایسا کرنے سے وہ اپنے داخلی امراض مثلاً بغض ، حسد ، نفرت ، خود فریبی اور جھوٹے اقتدار کے لیے تگ و دو پر قابو پا لے گا ۔ چونکہ آدمی خدائی آرٹ کا شاہکار ہے ، اس لیے اس کی خدمت جناب رسالت مآبؐ کی نظر میں ایک انتہائی شریفانہ کام ہے ، رسالت مآبؐ نے فرمایا کہ "تمام مخلوق خدائی کنبہ ہے اور وہی آدمی اللہ کی نگاہ میں سب سے پیارا ہے جو اس کی مخلوق کے لیے سب سے زیادہ کارآمد ہے[1]" ایک دوسری حدیث میں آپ نے فرمایا : میرے پروردگار ! میری زندگی اور اس کائنات کی ہر چیز کے پروردگار ! میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ دنیا کے تمام انسان آپس میں بھائی بھائی ہیں[2] ۔

سو جناب رسالت مآبؐ کے پیغام کے بنیادی اصول یہ ہیں :

۱۔ توحید ، صرف خدا کی ذات ہی بندگی کی سزاوار ہے ۔

---

(۱) سیوطی ، الجامع الصغیر (حرف خ) ۔
(۲) حصن حصین ، لکھنو ، ص ۱۰۵ ۔

۲- تزکیۂ روح ، محاسبہ نفس اور پاکیزہ خیالات کا اچھے اعمال
کی صورت میں ظہور پذیر ہونا ۔ یہ وہ چیزیں ہیں جو ایک
شریفانہ زندگی کے لیے از بس ضروری ہیں ۔
۳- تمام انسان بھائی ہیں ۔
۴- موت زندگی کی انتہا نہیں بلکہ اس کے بر عکس اس کی راہ
سے ہو کر انسان ایک دوسری دنیا میں جائے گا ۔ جہاں
اسے اپنے ہر کام کا حساب چکانا ہوگا ۔

جناب رسالت مآبؐ نے ، جنہوں نے خود پاکیزہ زندگی کے لیے
اپنا عملی نمونہ پیش کیا ، اپنے ماننے والوں اور ان تمام انسانوں کو
جو اچھی زندگی کی تلاش میں ہیں ، مندرجہ ذیل امور کی پابندی کی
نصیحت فرمائی ۔ آپؐ نے فرمایا کہ میرے پروردگار نے مجھے نو چیزوں
کے کرنے کا حکم دیا ہے ۔ میں تمہیں انہی نو چیزوں کی نصیحت
کرتا ہوں :

۱- میرے پروردگار نے مجھ سے کہا ہے کہ میں جلوت
اور خلوت میں اخلاص سے کام کروں ۔
۲- خوشی اور رنج دونوں صورتوں میں انصاف سے کام لوں ۔
۳- تنگ دستی اور خوشحالی میں میانہ روی سے چلوں ۔
۴- جنہوں نے مجھے ستایا ہے انھیں معاف کر دوں ۔
۵- جنہوں نے مجھے میرے حق سے محروم کیا ہے ، انہیں
نوازوں ۔
۶- جنہوں نے میرے ساتھ اپنے رشتوں کو توڑا ہے ، ان سے
اپنے رشتوں کو استوار کروں ۔
۷- میری خاموشی تفکر ہو ۔
۸- اور میری گویائی ذکرِ ذکرِ خدا ۔

۹- میرا مشاہدہ عبرت کا سرچشمہ[1] -

چوں کہ زندگی ایک عطیہ خداوندی ہے اس لیے اس کی توہین کرنا کسی صورت میں بھی روا نہیں ، چنانچہ گناہ کا ارتکاب زندگی کی سب سے بڑی توہین ہے - جناب رسالت مآبؐ نے فلسفہ حیات کو بیان کرتے ہوئے فرمایا : خدایا ! میری روحانی زندگی کی اصلاح فرما کیونکہ اسی میں میری بھلائی ہے اور ایسے ہی مادی زندگی کی ، جس میں میں رہ رہا ہوں ، نیز اس دنیا میں اس وقت زندہ رہنے کی اجازت دے جب تک یہ زندگی تیری نگاہ میں بھلائی کے لیے ہے - اور اگر میری رحلت ہی میں میرا فائدہ ہے ، تو پھر رحلت عطا کر اور اگر میری زندگی میں بھلائی ہے تو اس میں برکت عطا کر - اور اگر ایسا نہیں تو پھر موت[2] -

یقیناً محکمہ اوقاف کے لیے یہ بڑا اعزاز ہے کہ وہ جناب رسالت مآبؐ کی ۱۴۰۱ مبارک ولادت پر یہ کتاب چھاپ رہا ہے - اُمید ہے کہ ہمارے پڑھنے والوں کو اس سے روحانی بالیدگی اورنگاہ کی پاکیزگی ملے گی -

ربیع الاول ۱۳۹۱ھ - مئی ۱۹۷۱ع

رشید احمد (جالندھری)
پی ایچ - ڈی
مشیر تعلیم و مطبوعات
ڈائرکٹر علماء اکیڈمی ، اوقاف

---

(۱) العقد الفرید ، قاہرہ ، ۱۹۴۶ ، ج ۲ ، ص ۴۱۷ -
(۲) حصن حصین ، ۲۹۹ - (تمام احادیث کا عربی متن انگریزی پیش لفظ میں دیکھیے) -

So he threw the rest of them away, and fought the enemy until he was killed.

said: 'Yes'. Umair said: 'Ah!'. The Prophet asked: 'What made you say 'Ah!' He said: 'Nothing, Messenger of Allah, except the hope that I shall be one of those who live in it.' He said: 'Certainly you will be one of those who live in it'. Umair took some dates out of his pouch and began to eat them. Then he said: 'If I live until I finish these dates that will be too long a life.'

واہ واہ کہنے پر کس چیز نے آمادہ کیا ؟" عمیر بولے : "خدا کی قسم ! یا رسول اللہؐ ! میں نے یہ کلمہ صرف اس اُمید پر کہا کہ میں بھی جنت والوں میں سے ہو جاؤں۔" آپؐ نے فرمایا : "بے شک تو جنت والوں میں سے ہے"۔ اس نے اپنے ترکش میں سے کچھ کھجوریں نکال کر کھانا شروع کیں اور بولا : "اگر میں ان کھجوروں کے کھانے تک زندہ رہا تو یہ زندگی بہت دراز ہوگی۔" یہ کہہ کر اس نے کھجوریں پھینک دیں اور مشرکوں سے ایسی بے جگری سے لڑا کہ شہید ہو گیا[1]۔"

☆

۱- ریاض الصالحین، ص ۳۶۹ -

"The Prophet set out with his companions and reached Badr before the idolaters. When the idolaters arrived, he said: 'Let none of you begin anything unless I myself make a move'. When the idolaters approached, he said: 'Set out for the Garden whose width is that of the heavens and the earth'. Umair bin Siham Ansari said: 'Messenger of Allah, a Garden whose width is tnat of the heavens and the earth'? He

''(جنگ بدر کے موقع پر) رسول اللہ ؐ اور آپ ؐ کے ساتھی مشرکوں سے پہلے بدر میں پہنچ گئے ، اس کے بعد مشرک بھی آ گئے ۔ آپ ؐ نے فرمایا : ''تم میں سے کوئی شخص پہلے کسی چیز کی طرف نہ جائے یہاں تک کہ میں اس کے قریب ہو جاؤں ۔'' پس مشرک قریب آ گئے ، آپ ؐ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ تم جنت کی طرف ، جس کا عرض آسانوں اور زمین کے برابر ہے ، کھڑے ہو جاؤ ۔ انس کہتے ہیں کہ عمیر بن صحام انصاری بولے : ''یا رسول اللہ ؐ ! اس جنت کی طرف جس کا عرض آسانوں اور زمین کے برابر ہے ؟'' فرمایا : ''ہاں'' عمیر نے کہا : ''واہ واہ !'' آپ ؐ نے فرمایا : ''تجھے

Allah, if you do not keep anything back, He will bless you for it."

☆

"A man came with his face covered with an iron visor. He said: 'Messenger of Allah, should I fight or become a Muslim?' He replied: 'First become a Muslim and then fight'. So he became a Muslim, and then fought and was killed. The Prophet said: 'Little action, but a great reward'."

☆

سامان میں سے کوئی چیز نہ رکھنا ۔ اللہ تیرے لیے اسی میں برکت دے گا[1] ۔"

☆

"رسول اللہ ؐ کے پاس ، لوہے کا خود پہنے ہوئے ایک شخص آیا اور کہنے لگا : "یا رسول اللہ ؐ ! میں جنگ کروں یا مسلمان ہو جاؤں ؟" آپ ؐ نے فرمایا : "پہلے اسلام لے آ ، پھر اللہ کی راہ میں جہاد کر ۔" وہ شخص اسلام لے آیا ، اللہ کی راہ میں لڑا اور مارا گیا ۔ آپ ؐ نے فرمایا : "اس نے بہت تھوڑا عمل کیا اور ثواب بہت پایا[2] ۔"

☆

۱- ریاض الصالحین ، ص ۳٦۷ ۔

۲- ایضاً ، ص ۳٦٦ ۔

tribe of Aslam said: O 'Messenger of Allah, I want to go and fight but I have nothing with which to equip myself'. He said:' Go to such and such a man; he equiped himself and then fell ill'. So he went to him and said: 'The Messenger of Allah sends you salutation, and asks you to give me the equipment you prepared'. The men said to his wife: 'Give him my equipment and do not keep a single thing back. By

نے رسول اللہ ؐ سے عرض کی : "یا رسول اللہ ؐ ! میرا ارادہ جہاد میں شریک ہونے کا ہے ، مگر میرے پاس جہاد کا کوئی سامان نہیں ۔" آپ ؐ نے فرمایا : "تو فلاں شخص کے پاس چلا جا ، اس نے جہاد کا سامان تیار کیا تھا مگر وہ بیمار ہوگیا ۔" چنانچہ اس نوجوان نے اس شخص سے جا کر کہا کہ رسول اللہ ؐ تجھے سلام کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ تو نے جو جہاد کا سامان تیار کیا تھا ، وہ مجھے دے دے ، اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ : میں نے جہاد کے لیے جو سامان تیار کیا تھا ، وہ سب اِس نوجوان کو دے دے اور دیکھ ، اس میں سے کوئی چیز رکھ مت لینا ۔ مجھے اللہ کی قسم ہے کہ اس

ing in his house for seventy years. Listen! Do you want Allah to forgive you and send you into the Garden? Then fight in Allah's cause."

"If anyone equips a soldier in Allah's cause, it is as if he has fought himself, and if anyone looks after the family of a soldier in the cause of Allah in his absence, it is as if he has fought himself."

☆

"A youth from the

کی راہ میں اللہ کے دشمنوں سے جہاد کرو۱۔"

☆

"جس شخص نے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے ایک مجاہد کو سامان مہیا کر دیا اس نے (گویا) خود جہاد کیا ، اور جس نے مجاہد کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کی دیکھ بھال کی ، بے شک اس نے بھی جہاد کیا۲۔"

☆

قبیلۂ اسلم کے ایک نوجوان

۱۔ ریاض الصالحین ، ص ۳۶۳ ۔
۲۔ ایضاً ، ص ۳۶۶ ۔

"One the Companions of the Prophet passed by a cleft in the hills in which there was a spring of sweet water, and it pleased him. He said: 'If only I could leave the society of men and live in this cleft! But I will not do it until I ask permission of the Messenger of Allah'. So he mentioned it to the Prophet. The Prophet said: 'Do not do it. To stand up in the cause of Allah is better for a man than pray-

"رسول اللہ ؐ کے ساتھیوں میں سے ایک شخص کسی پہاڑ کے درے میں سے گزرا جس میں میٹھے پانی کا چھوٹا سا چشمہ تھا ، اُسے وہ چشمہ بہت اچھا لگا ، دل میں کہنے لگا: "کاش میں لوگوں سے الگ تھلگ ہو کر درے میں بیٹھ جاتا ، لیکن میں یہ کام رسول اللہ ؐ سے اجازت لے کر کروں گا۔" چنانچہ اس نے رسول اللہ ؐ سے اس بات کا ذکر کیا ۔ آپ ؐ نے فرمایا : "ایسا مت کر ، اس لیے کہ اللہ کی راہ میں نکل کھڑے ہونا ، اپنے گھر میں بیٹھ کر ستر برس تک نمازیں پڑھنے سے بہتر ہے ۔ کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تم کو بخش دے اور جنت میں داخل کرے ؟ اللہ

on the Muslims, I would never stay back from any expedition in Allah's cause. But I have not the wherewithal to equip them, and they also have nothing, and it goes hard on them to stay behind when I go out. By Him in Whose hand is the soul of Muhammad, I would like to go out to fight in Allah's cause and be killed, then to go out again and be killed, then to go out again and be killed."

☆

وہ گنجائش رکھتے ہیں (کہ ہر لڑائی کے لیے مسلّح ہوں)، اور مجھ سے پیچھے رہنا اُن کے لیے مشکل ہے۔ اُس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے! میری خواہش ہے کہ میں ان کو ساتھ لے کر خدا کی راہ میں جہاد کے لیے نکلوں اور شہید ہو جاؤں، پھر (زندہ ہو کر) جہاد کروں اور قتل ہو جاؤں، پھر زندہ ہو کر جہاد کروں اور پھر مارا جاؤں۱۔"

۱- ریاض الصالحین، ص ۳٦۳-

that He will either send him into the Garden, or bring him back with what he has won of reward or booty. By Him in Whose hand is the soul of Muhammad, every wound which is suffered in Allah's cause will appear on the Day of Resurrection in its shape on the day it was inflicted; its colour will be that of blood, but it will smell like musk.

By Him in Whose hand is the soul of Muhammad, if it did not go hard

نکالا ہو ، میں اس کا ضامن ہوں کہ اُسے جنت میں داخل کروں ، یا اس کو ثواب اور مال غنیمت کے ساتھ اس کے گھر واپس پہنچاؤں ۔ مجھے اُس ذات پاک کی قسم ، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ! جو زخم خدا کی راہ میں لگے گا ، قیامت کے روز اسی صورت میں آئے گا جس صورت میں زخم کھانے کے روز تھا ؛ اس کا رنگ خون جیسا ہوگا ؛ مگر خوشبو ، مشک کی سی ہوگی ۔

مجھے اُس ذات پاک کی قسم ، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ! اگر مسلمانوں کے لیے باعث تکلیف نہ ہوتا تو میں کسی سریہ (لڑائی) سے پیچھے نہ رہتا ، لیکن نہ میں گنجائش رکھتا ہوں کہ اُنھیں مسلّح کروں اور نہ

ہے'!''

☆

''موت سے انسان کا ہر عمل ختم ہو جاتا ہے ، مگر اللہ کی راہ میں سرحدوں کی حفاظت کرنے والا کہ اس کا عمل ، اس کے لیے قیامت تک بڑھایا جاتا ہے اور وہ شخص قبر کے فتنے سے محفوظ رہتا ہے[۲] ۔''

"For everyone who dies, his actions cease with his death, except the warrior in Allah's cause; his actions go on increasing until the Day of Rising Up, and he is safe from the punishment of the grave."

☆

''اللہ اُس شخص کا ذمہ دار ہے جو اُس کی راہ میں نکلے ۔ اُس کو میری راہ میں جہاد کرنے ، مجھ پر ایمان لانے اور میرے رسولوں کی تصدیق کرنے کے سوا اور کسی چیز نے نہ

☆

"Allah stands surety for him who goes out to fight in His cause, believing in Him and accepting His Prophets. He gives sure

۱۔ ریاض الصالحین ، ص ۴۷۰ ، ۴۷۱ ۔
۲۔ ایضاً ، ص ۴۶۲ ۔

idolaters have done'. Then he went forward, and on the way met Sa'd bin Ma'ādh. He said: 'O Sa'd, the Garden! I can small the perfume of it coming from Uhud'. Sa'd bin Ma'ādh said to the Prophet: 'I could not do what he has done'. We found on him more than eighty wounds of sword, spear and arrow, and the idolaters had mutilated his body so no one could recognise him but his sister who recoggised his fingers.

مجھے اُحد کی طرف سے جنت کی خوشبو آ رہی ہے۔" سعد نے کہا: "یا رسول اللہؐ ! جیسی نضر نے لڑائی لڑی، مجھ میں ویسی ہمت نہیں۔" انسؓ بن مالک کہتے ہیں کہ ہم نے انس بن نضر کی شہادت کے بعد اُن کو دیکھا کہ ان کے جسم پر تلوار، نیزے یا تیر کے اسّی سے بھی زیادہ زخم ہیں اور کافروں نے ان کو مثلہ کر دیا ہے۔ ہم میں سے کوئی بھی ان کو نہیں پہچان سکا۔ صرف ان کی بہن نے، ان کی اُنگلیوں سے اُنھیں پہچان لیا۔ انسؓ کہتے ہیں کہ ہم خیال کرتے تھے کہ یہ آیت: "رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ" ان کے اور ان جیسے دوسرے مومنوں کے بارے میں نازل ہوئی

bin Nadr was not present at the battle of of Badr. He said; 'Messenger of Allah, I missed the first battle you fought against the idolaters. If Allah permits me to join battle with the idolaters; He will show men what I do'. On the occasion of the battle of Uhud. when the Muslims were taken unawares, he said: 'O God, I beg excuse for what my companions have done, and disassociate myself from what these

نضر بدر کی لڑائی سے غائب رہے - اُنھوں نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! آپ نے مشرکوں سے جو پہلی لڑائی لڑی، میں اس میں شریک نہیں ہو سکا - اگر خدا نے (آئندہ) مجھے مشرکوں کی لڑائی میں شریک ہونے کی توفیق بخشی تو خدا لوگوں کو دکھلائے گا کہ میں کیسی لڑائی لڑتا ہوں۔" پھر جب اُحد کے دن مسلمانوں کو شکست ہو گئی تو انس بن نضر بولے: "اے اللہ! جو کام انھوں نے کیا ہے (یعنی مسلمانوں نے) میں اس کام کا تجھ سے عذر کرتا ہوں" پھر انس بن نضر آگے بڑھے تو سعد بن معاذ ان کے سامنے آئے - انس بولے: "اے سعد! قسم ہے نضر کے پروردگار کی!

cause."

☆

"When he was asked who is the best of men: 'A believer who strives for Allah's cause with his life and his wealth'. The questioner asked 'And then who?' He replied: 'One who lives in some cleft in the hills and saves men from any evil at his hand."

☆

Anas bin Mālik said: 'My uncle Anas

کے بعد کون سا عمل ؟" فرمایا :
"اللہ کی راہ میں جہاد کرنا [1] ۔"

☆

رسول اللہ ؐ سے پوچھا گیا :
"لوگوں میں سب سے بہتر کون ہے ؟" فرمایا : "وہ مومن جو اپنی جان اور مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے ۔" پوچھا گیا "اس کے بعد کون ؟" فرمایا : "وہ مومن جو کسی پہاڑ کی گھاٹی میں گوشہ نشین ہو کر اللہ کی عبادت کرتا ہے اور لوگوں کو اپنی ایذا رسانی سے مامون بنا دیتا ہے [2] ۔"

☆

"انس بن مالکؓ نے فرمایا کہ : "میرے چچا ، انس بن

---

۱ ، ۲- ریاض الصالحین ، ص ۳٦١ -

underneath which rivers flow, and pleasant dwellings in Gardens of Eden. That is the Supreme triumph."

پاکیزہ مکانات میں ، جو بہشت ہائے جاودانی میں (تیار) ہیں ، داخل کرے گا ۔ یہ بڑی کامیابی ہے ۔"

☆

"And (He will give you) another blessing which ye love: help from Allah and present victory. Give good tidings (O Muhammad) to believers." (61: 10-13)

"اور ایک اور چیز جس کو تم چاہتے ہو ، (یعنی تمھیں) خدا کی طرف سے مدد (نصیب ہوگی) اور فتح عنقریب (ہوگی) ، اور مومنوں کو اس کی خوشخبری سنا دو ۔"

(القرآن ، ٦١ : ١٠ - ١٣)

☆

"*The Prophet says*:

When he was asked: what is the best of all works; 'Belief in God, and striving for His

"رسول اللہ ؐ فرماتے ہیں ، جب آپ ؐ سے پوچھا گیا : "کون سا عمل سب سے بہتر ہوگا ؟" آپ ؐ نے فرمایا : "اللہ پر ایمان لانا ۔" پوچھا گیا : "اس

to believers!"
(9 : 111-112)

☆

"O ye who believe! Shall I show you a commerce that will save you from a painful doom? Ye should believe in Allah and His messenger, and should strive for the cause of Allah with your wealth and your lives. That is better for you, if ye did but know."

"اے مومنو! کیا میں تم کو ایسی تجارت بتاؤں جو تمہیں درد ناک عذاب سے چھٹکارا دلائے؟ (وہ یہ کہ) خدا پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور خدا کی راہ میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کرو، اگر سمجھو تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔"

☆

"He will forgive you your sins and bring you into Gardens

"وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تم کو باغ ہائے جنت میں، جن میں نہریں بہہ رہی ہیں اور

nant better than Allah? Rejoice then in your bargain that ye have made, for that is the supreme triumph.

(Triumphant) are those who turn repentant (to Allah) those who serve (Him), those who praise (Him), those who fast, those who bow down, those who fall prostrate (in worship), those who enjoin the right and who forbid the wrong and those who keep the limits ordained of Allah— And give glad tidings

اللہ سے بڑھ کر کون ہے جو اپنا عہد پورا کرنے والا ہو۔ پس (مسلمانو!) اپنے اس سودے پر، جو تم نے اللہ سے چکایا، خوشیاں مناؤ، اور یہی ہے جو بڑی سے بڑی فیروز مندی ہے۔ (ان لوگوں کے اوصاف و اعمال کا یہ حال ہے کہ) عبادت میں سرگرم رہنے والے، اللہ کی حمد و ثنا کرنے والے، سیر و سیاحت کرنے والے، برائی سے روکنے والے اور اللہ کی ٹھہرائی ہوئی حد بندیوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ (اے پیغمبرؐ!) یہی سچے ہیں اور مومنوں کو (کامیابی و سعادت کی) خوش خبری دے دو۔"

(القرآن ۹ : ۱۱۱ - ۱۱۲)

☆

STRIVING (JIHAD) IN THE WAY OF ALLAH

Allah says :

"Lo! Allah hath brought from the believers their lives and their wealth because the Garden will be theirs: they shall fight in the way of Allah and shall slay and be slain. It is a promise which is binding on Him in the Torah and the Gospel and the Qur'an. Who fulfilleth His cove-

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

"بلاشبہہ اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں بھی خرید لیں اور ان کا مال بھی ، اور اس قیمت پر خرید لیں کہ ان کے لیے بہشت (کی جاودانی زندگی) ہو ۔ وہ (کسی دنیوی مقصد کی راہ میں نہیں بلکہ) اللہ کی راہ میں جنگ کرتے ہیں ؛ پس مارتے بھی ہیں اور مرتے بھی ہیں ۔ یہ وعدہ اللہ کے ذمہ ہو چکا (یعنی اس نے ایسا ہی قانون ٹھہرایا) ۔ تورات ، انجیل اور قرآن (تینوں کتابوں) میں یکساں طور پر اس کا اعلان ہے اور

who love you, and whom you bless and who bless you; and the worst of your leaders are those whom you hate and they hate you, and whom you curse and who curse you. They asked: 'O Messenger of Allah, should not we take up arms against them'? He said: 'No, not as long as they maintain Prayer among you."

☆

کریں ، تم ان کے لیے دعا کرو اور وہ تمھارے لیے دعا کریں ۔ اور تمھارے بدترین حکام وہ ہیں ، جن سے تم نفرت کرو اور وہ تم سے نفرت کریں ، تم ان پر لعنت بھیجو اور وہ تم پر لعنت بھیجیں ۔ لوگوں نے پوچھا : "یا رسول اللہ ؐ ! کیا ہم ایسے حکام سے لڑائی نہ کریں ؟" آپ ؐ نے فرمایا : "نہیں ، جب تک وہ تم میں نماز قائم کریں ۔" آپ ؐ نے دو بار ایسے ہی فرمایا : "نہیں ، جب تک وہ تم میں نماز قائم کریں[۱] ۔"

☆

۱۔ ریاض الصالحین ، ص ۲۸۲ ۔

my community are entrusted is harsh with them, be harsh with him; and if he is lenient with him. be lenient with him."

اس نے لوگوں پر سختی کی ، تو اے اللہ! تو بھی اُس پر سختی کیجیو ۔ اور جس نے میری امت کا حاکم بن کر اس پر نرمی کی ، اے اللہ ! تو بھی اس پر نرمی کیجیو[1] ۔"

☆

'A'idh bin Umr came to see Ubaid Allah bin Ziyad and said to him: 'My son, I heard the Prophet saying: 'The worst of shepherds are the decimaters'. Beware of being one of them."

"عائذ بن عمر ، عبیداللہ بن زیاد کے پاس آئے اور کہنے لگے : "اے میرے بیٹے ! میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے ؛ فرماتے تھے کہ "بد ترین حاکم وہ ہیں جو (اپنی رعایا پر) ظلم کریں ، اس بات سے بچ کہ تو بھی اُنھی میں سے ہو[2] ۔"

☆

"The best of your leaders are those whom you love and

"تمھارے امراء اور حکام میں بہتر وہ لوگ ہیں جن سے تم پیار کرو اور وہ تم سے پیار

۱۔ ریاض الصالحین ، ص ۲۸۲ ۔

۲۔ ایضاً ، ص ۲۸۳ ۔

shepherd of his family and will be asked concerning his flock, a woman is the shepherdess of her husband's house and will be asked concerning her flock, and the servant is the shepherd of his master's property and will be asked concerning his flock. All of you are shepherds and you will be asked concerning your flocks."

☆

"O Allah, if anyone to whom the affairs of

پوچھ گچھ ہوگی ۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی حاکم ہے ، اس سے اس کے متعلق پوچھ گچھ ہوگی اور خادم اپنے مالک کے مال و متاع کا ذمہ دار ہے ، اس سے اس کے متعلق باز پرس ہوگی ۔ تم میں سے ہر ایک حاکم و نگران ہے (کسی نہ کسی پر) اور اس سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا[1] ۔"

☆

"اے اللہ ! جو شخص میری امت کا نگران و حاکم ہوا اور

۱- ریاض الصالحین ، ص ۲۸۱ ۔

red, whether the case be of a rich man or a poor man, for Allah is nearer unto both (than ye are). So follow not passion lest ye lapse (from truth) and if ye lapse or fall away, then Lo! Allah is Ever Informed of what ye do."　　　　(4 : 135)

پڑے ، جب بھی نہ جھجکو -
اگر کوئی مال‌دار ہے یا محتاج ،
تو اللہ (تم سے) زیادہ اُن پر
مہربانی رکھنے والا ہے - پس
(دیکھو) ایسا نہ ہو کہ ہوائے
نفس کی پیروی تمھیں انصاف
سے باز رکھے - اور اگر تم بات
کو گھما پھرا کر کہو گے یا
گواہی دینے سے پہلو تہی کرو گے
تو یاد رکھو کہ تم جو کچھ
کرتے ہو اللہ اس کی خبر رکھنے
والا ہے - (القرآن ، ۴ : ۱۳۵)

☆

"*The Prophet says* :

'All of you are shepherds, and you will be asked concerning your flocks. The ruler is a shepherd and will be asked concerning his flock, a man is the

رسول اللہ ؐ فرماتے ہیں :
"تم لوگوں میں سے ہر ایک
شخص حاکم ہے اور ہر ایک
سے اس کی رعایا کے بارے میں
پوچھا جائے گا ؛ بادشاہ سے اس
کی رعایا کے بارے میں پوچھا
جائے گا - مرد حاکم ہے ، اس
سے اس کی "رعایا" کے متعلق

THE DUTY OF THOSE WHO ARE IN AUTHORITY

"Lo! Allah enjoineth justice and kindness and giving to kinsfolk, and forbiddeth lewdness and wickedness. He exhorteth you in order that ye may take heed." (16 : 90)

"خدا تم کو انصاف اور احسان کرنے اور رشتہ داروں کو مدد دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور ناشائستہ کاموں سے اور سرکشی سے منع کرتا ہے (اور) تمھیں نصیحت کرتا ہے تا کہ تم یاد رکھو۔"

(القرآن ، ۱٦ : ۹۰)

☆

"O! ye who believe, Be ye staunch in justice, witnesses for Allah, even though it to be against yourselves or (your) parents or (your) kind-

"مسلمانو! ایسے ہو جاؤ کہ انصاف پر پوری مضبوطی کے ساتھ رہنے والے اور اللہ کے لیے (سچی) گواہی دینے والے ہو۔ اگر تمھیں خود اپنے خلاف یا اپنے ماں باپ اور قرابت داروں کے خلاف بھی گواہی دینی

owner. When they saw Ibn Umar they dispersed. Ibn Umar said: 'Who has done this? May Allah curse him who done it. The Messenger of Allah cursed the person who put up a living thing as a target."

آئے اور کہا: "اس لڑکے کو ایسا کرنے سے منع کرو۔" ابن عمرؓ نے پوچھا: "ایسا کس نے کیا ہے؟" ابن عمرؓ نے کہا کہ جو لوگ ایسا کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے انھیں ملعون کہا ہے[1]۔"

☆

۱- بخاری، کتاب الصید والذبائح۔

"A woman was given the punishment of Fire on account of a cat, which she shut in and gave nothing to eat or drink, nor allowed it to go out and eat of the things that crawl on the earth, until it died."

"ایک عورت کے بارے میں رسول اللہؐ نے فرمایا کہ اس پر صرف اس لیے عذاب ہوا کہ اس نے ایک بلی کو باندھ دیا۔ اس کو کھانا، پینا کچھ نہ دیا، بالآخر وہ اسی طرح بندھی بندھی مر گئی[1]۔"

☆

"Abd Allah bin Umar passed by some boys of the Quraish who had set up a bird and were shooting arrows at it; every arrow which missed the bird was given to the bird's

"عبداللہؓ بن عمرؓ، قریش کے کچھ لڑکوں کے پاس سے گزرے، ان لڑکوں نے ایک مرغی کو باندھ رکھا تھا اور اس پر نشانہ بازی کر رہے تھے۔ ابن عمرؓ نے مرغی کو کھول دیا اور مرغی کے ساتھ اس لڑکے کو لے کر اس کے خاندان میں

۱۔ بخاری۔

overwhelmed by thirst just as I was'. So he descended into the well again and filled his boot with water, and poured it drop by drop into the dog's mouth until its thirst was quenched. For this, Allah was gracious to him and forgave him. The Companions asked : 'Shall we be rewarded on account of animals?' He said : 'There is a reward for every living thing."

☆

اس کا یہ عمل مقبول ہوا اور خدا نے اس کو بخش دیا ۔

صحابہ نے اس واقعے کو سنا تو بولے : ''یا رسول اللہ ؐ ! کیا جانوروں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے میں بھی ثواب ملتا ہے ؟'' آپ ؐ نے فرمایا : ''ہر ذی حیات کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ثواب کا باعث ہے[۱] ۔''

☆

۱۔ بخاری : کتاب الادب ، قاہرہ ، جز ۸ ، ص ۱۱ ۔

in, and (in) the ordinance of the winds, nad the clouds obedient between heaven and earth: are signs (of Allah's sovereignty) for people who have sense." (2 : 164)

☆

کے درمیان گھرے رہتے ہیں ، عقل مندوں کے لیے (خدا کی قدرت کی) بڑی نشانیاں ہیں ۔" (القرآن ، ۲ : ۱۶۴)

☆

The Prophet says :

"A man was travelling a road when he was overcome by thirst; he found a well, into which he descended and drank. When he emerged, he found a panting dog licking the dust from thirst. The man said: 'The dog has been

رسول اللہؐ فرماتے ہیں :

"ایک شخص راستے میں چلا جا رہا تھا ، اس کو سخت پیاس لگی ، اس نے ایک کنواں دیکھا ، وہاں گیا ، اُس سے پانی پیا ۔ پانی پی کر ہٹا تو دیکھا کہ ایک کتا پیاس سے زبان نکال رہا ہے اور کیچڑ چاٹ رہا ہے ۔ اس شخص نے اپنی پیاس کی شدت کو یاد کر کے اس کتے پر ترس کھایا ، کنویں میں اتر کر پانی لایا ۔ خدا کے نزدیک

KINDNESS TO ANIMALS

Allah says :

"Lo! in the creation of the heavens and the earth, and the difference of night and day, and the ships which run upon the sea with that which is of use to men, and the water which Allah sendeth down from the sky, thereby reviving the earth after its death, and dispersing all kinds of beasts there-

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

''بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں ، اور رات اور دن کے ، ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں ، اور کشتیوں میں جو دریا میں لوگوں کے فائدے کے لیے رواں دواں ہیں ، اور بارش میں جس کو خدا آسمان سے برساتا اور اس سے زمین کو مرنے کے بعد زندہ (یعنی خشک ہونے کے بعد سرسبز کر دیتا ہے ، اورزمین پر ہر قسم کے جانور پھیلانے میں ، اور ہواؤں کے چلانے میں اور بادلوں میں جو آسمان اور زمین

'How many times should I forgive my servant?' The Prophet remained silent. The man repeated the question, then the Prophet replied. 'Seventy times a Day."

☆

غلطی پر آدمی کو کتنی بار درگزر کرنا چاہیے؟" آپ خاموش ہو گئے۔ اس نے پھر سوال کیا۔ تب آپ نے فرمایا: "ستر بار درگزر کرنا چاہیے۔"

☆

clothing and should not give him labour beyond his strength, or if he does, he should help him with it."

وہی کھلائے اور پہنائے ۔ اور ان کو ایسے کام کی تکلیف نہ دے جو ان کی ہمت سے باہر ہو ، اگر ان کو کسی ایسے کام کی تکلیف دو ، تو پھر اسی میں ان کی خود بھی مدد کرو[۱] ۔"

☆

"If anyone makes an accusation against his servant of which he is innocent, Allah will punish him for it on the Day of Resurrection."

"اگر کوئی شخص ، اپنے خادم کے خلاف کوئی ایسی تہمت لگاتا ہے جس سے وہ بری الذمہ ہے : ایسے شخص کو اللہ قیامت کے روز سخت سزا دے گا ۔"

☆

"A man came to the Prophet and asked:

"ایک شخص نے رسول اللہ ؐ سے پوچھا : "خادم کی

۱- ریاض الصالحین ، ص ۳۸۰ ۔

your right hands possess. Lo! Allah loveth not such as are proud and boastful." (4: 36)

☆

"*The Prophet says* :

(During the Farewell Pilgrimage) 'Remember your servants! Feed them with what you eat, and clothe them with what you wear.' "

خطبہٗ حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اللہؐ نے فرمایا : ''اپنے خادموں کا خیال رکھو ، جو خود کھاتے ہو ، اُنھیں بھی کھلاؤ اور جو خود پہنتے ہو انھیں بھی پہناؤ۔''

☆

"Your servants are your brothers, whom Allah has put in your charge. So if one of you has a brother in his charge, he should feed him from his own

☆

رسول اللہ فرماتے ہیں :

''تمھارے بھائی تمھارے خدمت گار ہیں ، اللہ نے ان کو تمھاری نگرانی میں دے دیا ہے۔ جس کا بھائی ، اس کا تابع ہو ، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ جو کچھ خود کھائے ، جو کچھ خود پہنے ، اُسے بھی

KINDNESS TO SERVANT

Allah says :

"And serve Allah, Ascribe nothing as partner unto Him. (Show) kindness unto parents, and unto near kindred, and orphans, and the needy, and unto the neighbour who is of kin (unto you) and the neighbour who is not of kin, and the fellow-traveller and the wayfarer and (the slaves) whom

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

"اور خدا کی عبادت کرو اور اُس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ اور اپنے ماں ، باپ ، قرابت والوں ، یتیموں ، مسکینوں ، رفقائے پہلو (یعنی پاس بیٹھنے والوں) ، مسافروں اور جو لوگ تمھارے قبضے میں ہوں ، سب کے ساتھ احسان کرو کہ خدا تکبر کرنے والے اور بڑائی کرنے والے کو دوست نہیں رکھتا ۔"

(القرآن ، ۴ : ۳٦)

The man who first believes in a divine revelation, then another revelation comes and he believes in that too, shall have a double reward.

☆

"Your right over them is that they should let no one whome you dislike, set foot on your mattress, and let no one whome you dislike, enter your house, and remember! Their right over you is that you clothe them and feed them well."

☆

"اور بیویوں پر تمھارا حق
یہ ہے کہ و تمھارے بچھونے
پر کسی ایسے آدمی کو نہ آنے
دیں جسے تم نا پسند کرتے ہو۔
اور تمھارے گھروں میں ایسے
شخص کو آنے کی اجازت نہ
دیں جس کو تم برا جانتے ہو۔
خبردار! اور اُن کا تم پر یہ
حق ہے کہ کپڑے اور کھانے
میں تم ان سے عمدہ سلوک
کرو[1]۔"

☆

۱۔ ریاض الصالحین، ص ۱۳۹۔

معلوم ہوگی۱۔"

☆

"تین شخص ایسے ہیں جن کے لیے دو اجر ہیں : ایک وہ شخص جو اہل کتاب تھا ، اپنے نبی پر ایمان لایا اور پھر محمد صلی اللہ علیہ و سلم پر ایمان لایا ، دوسرا وہ مملوک خادم ، جس نے اللہ کا بھی حق ادا کیا اور اپنے مالک کا بھی حق ادا کیا اور تیسرے وہ شخص ، جس کی ملکیت میں کوئی باندی تھی ، اس نے اس کی صحیح تعلیم و تربیت کی ، پھر اُسے آزاد کیا اور اس کے بعد اس سے نکاح کر لیا ، تو ایسے لوگوں کے لیے دو اجر ہیں۲۔"

☆

be pleased with another."

☆

"There are three men who shall be given a double reward. The servant who fulfils his obligation both to God and to his master shall have a double reward. The man who has a servant-girl, and teaches her good behaviour and educates her well, then sets her free and marries her, only for God's sake, shall have a double reward.

---

۱ ، ۲۔ ریاض الصالحین ، ص ۳۸۲ ۔

The Prophet says :

"The most perfect of believers in faith are the best-natured among them, and the best of you are those who are best to their wives."

رسول اللہ فرماتے :

"تم میں ایمان میں کامل ترین شخص وہ ہے جس کے اخلاق پاکیزہ ہوں ، اور تم میں بہترین شخص وہ ہے جس کا عورتوں (بیویوں) کے ساتھ برتاؤ اچھا ہے[۱] ۔"

☆

"The world is a temporary provision, and the best of the world's provisions is a righteous woman."

"دنیا ایک پونجی ہے اور اس دنیا کی بہترین پونجی نیک بیوی ہے[۲] ۔"

☆

"Let not a believing man hate a believing woman; if he dislikes one quality, he should

"ایک مرد مومن ، مومن عورت سے نفرت نہ کرے ، اگر اس کی ایک عادت بری معلوم ہوتی ہے تو دوسری عادت اچھی

---

۱ ، ۲۔ ریاض الصالحین ، ص ۱۴۰ ۔

KINDNESS TO WIVES

Allah says :

"Treat your wives with decency."

(4 : 19)

☆

"And of His signs is this: He created for you help-meets from yourselves that ye might find rest in them, and He ordained between you love and mercy. Lo, herein indeed are portents for folk who reflect." (30 : 21)

☆

اللہ تعالٰی فرماتے ہیں :

''اور ان کے (بیویوں) ساتھ اچھی طرح سے رہو ، سہو ۔''

(القرآن ، ۴ : ۱۹) ۔

☆

''اور اس کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ اس نے تمھارے لیے ، تمھاری ہی جنس کی عورتیں پیدا کیں تا کہ ان کی طرف (مائل ہوکر) آرام حاصل کر سکو ، اور تم میں محبت اور مہربانی پیدا کر دی ۔ جو لوگ غور کرتے ہیں ، ان کے لیے ان باتوں میں (بہت سی) نشانیاں ہیں ۔''

(القرآن ، ۳۰ : ۲۱)

☆

when their families are short of food in Medina, they collect whatever they have in a single sheet, and distribute it equally in one vessel. They are mine and I am theirs."

ان کے اہل و عیال کا کھانا کم ہو جاتا ہے تو ان کے پاس جو کچھ ہوتا ہے ، اس سب کو ایک کپڑے میں جمع کر لیتے ہیں اور پھر آپس میں ، کسی برتن سے ماپ کر ، برابر برابر تقسیم کر لیتے ہیں ۔ یہ لوگ مجھ میں سے اور میں ان میں سے ہوں[1] ۔"

☆

۱۔ ریاض الصالحین ، ص ۲۵۳ ۔

wore it because he needed it, then you asked him for it and you know that he never refuses a request.' The man said: 'By Allah, I did not ask him for it to wear it, but in order to make it my shroud when I die'. And when he died, the cloak was his shroud."

☆

"When the Ash'arits run out of provisions on an expedition or

آپ؀ سے سوال کیا ، حالاں کہ تو جانتا تھا کہ آپ؀ کسی کا سوال رد نہیں کرتے ۔'' اس نے کہا : ''خدا کی قسم ! میں نے یہ چادر اوڑھنے کے لیے نہیں لی ، اس لیے لی ہے کہ میرا کفن بنے ۔'' سہیل کہتے ہیں کہ ایسا ہی ہوا ۔ جب وہ شخص فوت ہو گیا تو یہ چادر اس کا کفن بنی[۱]۔''

☆

رسول اللہ؀ فرماتے ہیں :

''اشعری لوگوں کا جب زادِ سفر لڑائی میں ختم ہونے کے قریب ہوتا ہے ، یا مدینہ میں

۱- ریاض الصالحین ، ص ۲۵۳ -

and said: 'I have woven it with my own hands for you to wear'. The Prophet accepted it as he was in need of it. Then he came and sat with us with the cloak wrapped round him. One of those present said: 'How fine it is! Give it to me to wear'. The Prophet said: 'Very well.' After the sitting the Prophet went inside and folded it. and sent it to the man.' The others said: 'You have not done a good thing. The Prophet

پر حاشیہ بنایا ہوا تھا کہنے لگی: ''میں نے یہ چادر آپؐ کو اڑھانے کے لیے بنائی ہے۔'' آپؐ نے وہ چادر ایسے ذوق و شوق سے لے لی گویا آپؐ کو اس کی ضرورت تھی۔ آپؐ گھر میں تشریف لائے اور آپؐ نے اسی کو بطور تہمد باندھا ہوا تھا۔ حاضرین میں سے کسی نے کہا: ''یا رسول اللہؐ! یہ چادر کیا ہی اچھی ہے، آپؐ مجھے عطا کر دیجیے۔'' آپؐ نے فرمایا: ''بہت اچھا۔'' آپؐ مجلس میں بیٹھ کر پھر حجرۂ مبارک میں تشریف لے گئے اور وہ چادر لپیٹ کر اُس شخص کو بھجوا دی۔ لوگوں نے اُس شخص سے کہا: ''تو نے یہ اچھا نہیں کیا، آپؐ نے ضرورت کی بنا پر اسے فوراً ہی باندھ لیا تھا، تو نے

to look right and left. Then the Prophet said: 'If anyone has an extra mount, let him hand it over to one who lacks one, and if anyone has extra food, let him hand it over to one who lacks it.' He mentioned in the same way several kinds of things, so that we considered that none of us had a right to anything he had extra."

آپ ؐ کے پاس آیا اور دائیں بائیں دیکھنے لگا ۔ رسول اللہ ؐ نے فرمایا : ''جس شخص کے پاس فاضل زادِ راہ ہو ، وہ اس کو دے دے جس کے پاس زادِ راہ نہ ہو'' ۔ اسی طرح آپ ؐ نے سب قسموں کے مال کا ذکر کیا ، یہاں تک کہ ہم یہ سمجھنے کہ کسی بھی زائد مال میں ہمارا کوئی حق نہیں ہے[1] ۔''

☆

"A woman brought a cloak to the Prophet

''ایک عورت ، رسول اللہ ؐ کے پاس ایک چادر لائی ، اس

۱- ریاض الصالحین ، ص ۲۵۳ ۔

eating with him!' So they sat and the guest ate, and went to sleep satisfied. The man went to the Prophet in the morning, and the Prophet said: 'Allah was greatly pleased with you and your wife's treatment of the guest last night".

اور جب مہمان کھانا کھانے کے ارادے سے آئے تو چراغ گل کر دینا اور ایسی صورت اختیار کرنا کہ مہمان یہ سمجھے کہ ہم بھی کھانا کھا رہے ہیں۔" چنانچہ مہمان کے ہمراہ یہ لوگ بھی بیٹھ گئے اور مہمان نے کھانا کھا لیا ۔ جب صبح ہوئی تو وہ رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا ۔ آپؐ نے فرمایا: "تم دونوں نے آج کی رات مہمان کے ساتھ جو کیا ، اس سے اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوا[1] ۔"

☆

"We were with the Prophet on a journey, when a man came on his mount and began

"ابو سعید خدریؓ کہتے ہیں کہ ہم لوگ رسول اللہؐ کے ساتھ سفر میں تھے کہ اچانک اونٹ پر سوار ایک شخص

۱۔ ریاض الصالحین ، صفحہ ۲۵۲ ۔

same way. Then he said : 'Who will make him his guest to-night?' A man from the Ansar said : 'I will, O! Messenger of Allah'. So he took him to his house, and asked his wife : 'Have you anything in the house?' She said : 'Nothing except the children's supper.' He said : 'Busy them with something, and put them to sleep before they have supper. When I bring the guest in, put out the lamp, and make as if we are

بیوی کے پاس آدمی بھیجا ، انھوں نے بھی یہی جواب دیا ، حتیٰ کہ تمام ازواج مطہرات نے یہی جواب دیا کہ ''اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا ، ہمارے پاس سوائے پانی کے اور کچھ نہیں ۔'' آپ ؐ نے فرمایا : ''آج کی رات اس غریب شخص کی کون میزبانی کرے گا ؟'' ایک انصاری نے کہا ''یا رسول اللہ ؐ ! میں اس کی میزبانی کروں گا ۔'' انصاری اس شخص کو اپنے مکان پر لے گیا اور بیوی سے کہنے لگا : ''رسول اللہ ؐ کے مہمان کا اعزاز و اکرام کر ۔'' بیوی نے جواب دیا : ''میرے پاس تو بچوں کی غذا کے سوا اور کچھ بھی نہیں ۔'' انصاری نے کہا : ''بچوں کو کسی بہانے سے سلا دے

UNSELFISHNESS

Allah says :

"But prefer (the fugitives) above themselves though poverty become their lot."

(59 : 9)

☆

The Prophet says :

"A man came to the Prophet and said : 'I am in distress'. He sent to one of his wives, but she replied: 'By Him who sent you with the truth, I have nothing but water'. He sent to the others and they replied in the

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

''اور اُن کو اپنی جانوں سے مقدم رکھتے ہیں ، خواہ ان کو خود احتیاج (ضرورت) کیوں نہ ہو ۔'' (القرآن ، ۵۹ : ۹)

☆

''رسول اللہ ؐ کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا : ''یا رسول اللہ ! میں مفلس اور مصیبت زدہ ہوں'' آپ ؐ نے اپنی ازواج مطہرات میں سے کسی کے پاس آدمی بھیجا ، آپ ؐ کی زوجہ محترمہ نے کہا : ''اُس ذات کی قسم جس نے آپ ؐ کو حق دے کر بھیجا ، میرے پاس اس وقت پانی کے سوا کچھ بھی نہیں ۔'' آپ ؐ نے دوسری

regard me, I am good to them but they treat me ill, and I am forbearing with them but they are rude with me.' He replied :

'If you are as you say, then it is as if you have fed them hot send ; and you will always have a supporter against them from Allah as long as you continue like this."

☆

اچھا سلوک کرتا ہوں لیکن وہ مجھ سے برادری کا حق کاٹتے ہیں ، میں ان پر احسان کرتا ہوں ، مگر وہ میرے ساتھ برائی کرتے ہیں ، میں ان کی لغزشوں سے درگزر کرتا ہوں لیکن وہ مجھ سے نازیبا باتیں کرتے ہیں ۔" آپ ؐ نے فرمایا : "اگر حقیقت میں تو ایسا ہی ہے جیسا کہ تو نے بیان کیا تو گویا تو اُن کے منہ میں جلتی راکھ ڈالتا ہے اور ہمیشہ خدا کی طرف سے ایک مددگار فرشتہ تیرے ساتھ رہے گا جو تجھے ان پر غالب رکھے گا ۔"[۱]

☆

۱ ۔ ریاض الصالحین ، ص ۱۵۳ ۔

at its proper time'. 'And then what?' 'Goodness to parents'. 'And then what?' 'Striving (Jihad) in the way of God' ".

پر" پوچھا : "اس کے بعد کون سا ؟" فرمایا : "ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرنا" پھر پوچھا گیا : "اس کے بعد کون سا عمل بہتر ہے ؟" حضورؐ نے فرمایا : "اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ۔"

☆

"He was asked ; 'Who is the most worthy of my good companionship?' He said : 'Your mother'. 'And then who?' 'Your mother'. 'And then who?' 'Your mother'.
'And then who?' 'Your father' ".

"ایک شخص نے رسول اللہؐ سے پوچھا : "لوگوں میں سب سے زیادہ اس بات کا مستحق کون شخص ہے جس کے ساتھ میں ہمدردی کروں ؟" آپؐ نے فرمایا : "تیری والدہ ۔" اس نے پوچھا : "پھر کون ہے ؟" آپؐ نے فرمایا : "تیری والدہ" اس نے پھر یہی سوال کیا ۔ تب آپؐ نے فرمایا : "تیرا والد ۔"

☆

"A man said : 'I have relations whom I regard but they dis-

"ایک شخص نے حضورؐ سے عرض کیا : "یا رسول اللہؐ ! میرے رشتہ دار ہیں ، اُن کے ساتھ

them both as they did care for me when I was little."

(17 : 23, 24)

☆

"And we have enjoined upon man concerning his parents— His mother beareth him in weakness upon weakness, and his weaning is in two years. Give thanks unto Me and unto thy parents. Unto Me is thy journeying."

(31 : 14)

☆

' 'The Prophet says :

When he was asked what action is most liked by God 'Prayer

اُن (کے حال) پر رحمت فرما۔"

(القرآن ، ۱۷ : ۲۳ ، ۲۴)

☆

"اور ہم نے انسان کو ، جسے اس کی ماں تکلیف پر تکلیف سہہ کر پیٹ میں اُٹھائے رکھتی ہے (پھر اس کو دودھ پلاتی ہے) اور آخرکار دو برس میں اس کا دودھ چھڑانا ہوتا ہے ، اس کے ماں باپ کے بارے میں تاکید کی ہے کہ میرا بھی شکر کرتا رہ اور اپنے ماں باپ کا بھی (کہ تم کو) میری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے۔"

(القرآن ، ۳۱ : ۱۴)

☆

"رسول اللہ ؐ سے پوچھا گیا کہ اللہ کے نزدیک سب سے بہتر اور پسندیدہ عمل کون سا ہے ؟ آپ ؐ نے فرمایا : "نماز اپنے وقت

Lo! Allah loveth not such as are proud and boastful." (4 : 36)

☆

Thy Lord hath decreed, that ye worship none save Him, and (that ye show) kindness to parents. If one of them or both of them attain old age with thee, say not "Fie" unto them, nor repulse them, but speak unto them a gracious word."

"اور تمھارے پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے کہ اُس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو ، اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو ، اگر ان سے کوئی ایک ، یا دونوں تمھارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کو اُف تک نہ کہنا اور نہ ان کو جھڑکنا ، اور ان سے بات ادب کے ساتھ کرنا ۔"

☆

"And lower unto them the wing of submission through mercy, and say: My Lord! Have mercy on

"اور عجز و نیاز سے ان کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار! جب انھوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پالا ہے ، تُو بھی

GOODNESS TO PARENTS AND RELATIONS

Allah says :

"And serve Allah. Ascribe nothing as partner unto Him. (Show) kindness unto parents and unto near kindred, and orphans, and the needy, and unto the neighbour who is of kin (unto you) and the neighbour who is not of kin, and fellow-traveller and the wayfarer and (the slaves) whom your right hands possess.

اللہ تعالٰی فرماتے ہیں :

''اور خدا کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ ، اور اپنے ماں باپ، قرابت والوں ، یتیموں ، محتاجوں ، رشتہ دار ہمسایوں ، اجنبی ہمسایوں ، رفقاے پہلو (یعنی پاس بیٹھنے والوں) ، مسافروں اور جو لوگ تمھارے قبضے میں ہوں ، سب کے ساتھ احسان کرو ۔''

(القرآن ، ۴ : ۳٦)

☆

ly than the other, and I decide according to what I hear. But, if I award something which rightly belongs to his brother he has earned a portion of fire for himself."

خوب آراستہ کر کے پیش کریں اور میں اس شخص کے بیان کے مطابق اس کے حق میں فیصلہ کر دوں ، تو یاد رکھو جس دوسرے بھائی کا حق کاٹ کر اس کو دلواؤں گا ، گویا میں آگ کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا کاٹ کر اُسے دلوا رہا ہوں[۱] ۔"

☆

۱- ریاض الصالحین ، ص ۱۱۷ -

Zakāt, but he has abused this one, and spilt the blood of another, and beaten another so all of them are given something out of his good actions, and if his good actions are finished, their bad deeds are thrown upon him, and he is flung into the Fire.'"

"I am only a human being : when you bring your disputes to me, it may be that one of of you states his arguments more eloquent-

کسی کا ناحق مال کھایا ہوگا ، کسی کا خون بہایا ہوگا ، کسی کو مارا ہوگا ۔ قیامت کے روز اس شخص کا یہ حال ہوگا کہ اس کی تمام نیکیاں ان لوگوں میں تقسیم کر دی جائیں گی جن پر وہ ظلم کرتا رہا ۔ اور اگر لوگوں کے حقوق ادا کرنے سے پہلے ہی اس کی نیکیاں ختم ہوگئیں تو اُن لوگوں کے گناہ اس کے سر ڈال دیے جائیں گے اور اسے دوزخ کی آگ میں دھکیل دیا جائے گا[1] ۔"

☆

"میں تمھاری ہی طرح ایک انسان ہوں ، تم لوگ اپنے جھگڑے لے کر میرے پاس آتے ہو ، ممکن ہے تم میں سے بعض لوگ اپنی جادو بیانی کے باعث اپنے دعوے کو دلائل سے

۱۔ ریاض الصالحین ، ص ۱۱۷ ۔

one of you to collect dues and he brings much or little, he should take what he is given, and leave what he is not given."

☆

"The Prophet asked: 'Doyou know who is a bankrupt ?' They replied: 'A bankrupt with us is one who has neither money nor goods'. He said: 'A bankrupt in my community is one who on the Day of Resurrection brings with him Prayer, and Fasts, and

جائے وہ لے لے اور جس چیز سے روک دیا جائے ، اُس سے رک جائے" ۔ (اپنی مرضی سے کوئی حصہ نہ رکھے)[1] ۔

☆

"رسول اللہ ؐ نے فرمایا : "کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے ؟" لوگوں نے کہا : "ہم میں مفلس وہ ہے جس کے پاس نہ روپیہ پیسہ ہو اور نہ ہی مال و متاع ۔" آپ ؐ نے فرمایا : "میری امت میں مفلس وہ ہے جس نے دنیا میں نماز بھی پڑھی ہوگی ، روزے بھی رکھے ہوں گے ، زکٰوۃ بھی دی ہوگی ، مگر اس کے ساتھ کسی کو گالی دی ہوگی ، کسی پر تہمت لگائی ہوگی ،

۱۔ ریاض الصالحین ، ص ۱۱٦ ۔

'If we send a man to collect dues and the hides even as much as a needle out of it, he is an embezzler, and shall bring his action with him on the Day of Resurrection'. A dark complexioned man of the Ansār rose and said : 'Messenger of Allah, then take my commission back'. The Prophet asked : 'What is the matter?' He said : 'I heard you say what you just said'. The Prophet said : 'And say it again : if we send any-

تم میں سے جس شخص کو کسی کام پر مامور کرکے بھیجیں ، پھر وہ ایک سوئی یا اس سے زائد ہم سے چھپائے ، تو یہ خیانت ہے ۔ قیامت کے دن یہ شخص اُس چیز کو لیے ہوئے حاضر ہوگا " ۔ انصار میں سے ایک سیاہ فام شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا : "یا رسول اللہ ! آپ نے مجھے جو ذمہ داری سونپی ہے وہ واپس لے لیجیے ۔" آپ نے فرمایا : "تجھے کیا ہوا ؟" بولا : "میں نے آپ سے ابھی یہ فرماتے سنا ہے ۔" آپ نے فرمایا : "میں اب بھی کہتا ہوں کہ جس شخص کو ہم عامل (حاکم) بنائیں ، اس کے لیے ضروری ہے کہ اس کو تھوڑا بہت جو کچھ بھی وصول ہو ، وہ حاضر کرے ، اس میں سے اس کو جو کچھ دیا

and this territory and this month are sacred. You will come to meet your Lord and He will ask you about your actions.

Listen well! Do not become disbelievers again after me by striking off each other's heads.

Let the one who is present here tell the one who is absent, for it may be that the one who is told will remember it better than one who heard it.'"

☆

"The Prophet says :

بارے میں سوال کرے گا ۔
آگاہ ہو جاؤ ! میرے بعد تم لوگ پھر کفر اختیار نہ کر لینا ، کہ (ایسا کر کے) ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگو ۔
تم میں سے جو حاضر ہے ، اُسے چاہیے کہ وہ غائب کو یہ پیغام پہنچا دے ۔ ہو سکتا ہے کہ جس کو یہ پیغام پہنچے ، وہ اُس شخص سے زیادہ سمجھ دار ہو جس نے اسے سنا ہے[1] ۔"

☆

رسول اللہ ؐ فرماتے ہیں : "ہم

۱۔ ریاض الصالحین ، ص ۱۱۵ ۔

actions of his brother will be loaded upon him."

☆

"A Muslim is one from whose tongue and hand other Muslims are safe."

☆

"The Prophet said : 'This is the sacred month of Dhū-al-Hijja, and this is sacred territory, and this is the sacred Day of Sacrifice. Surely your lives and your property and your honour are sacred just as this day

کے پاس نیک عمل بھی نہ ہوں گا تو حق دار کے گناہ اس کے سر ڈالے جائیں گے۔۱"

☆

"(حقیقی معنی میں) مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔۲"

☆

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منا کے مقام پر اپنے خطبۂ حجۃ الوداع میں فرمایا :

"تمھارے خون ، تمھارے اموال اور تمھاری عزتیں ، ایک دوسرے کے لیے اسی طرح مقدس ہیں جیسے آج کا دن ، اور یہ مہینہ اور یہ شہر ۔ تم اپنے رب سے ملوگے اور وہ تم سے تمھارے اعمال کے

۱ ، ۲۔ ریاض الصالحین ، ص ۱۱۴ ۔

lowing cow, or a bleating goat."

☆

"If any one has dealt unjustly with his brother regarding his honour or any other thing, then he should have it condoned by him now, before the time when there will be neither gold nor silver. If he has any good action to his credit, it will be taken from him to the amount of his injustice, and if he has no good actions, the evil

پہنچا دیے ۱۔"

☆

"کسی شخص کے ذمہ اپنے کسی بھائی کی کوئی ایسی چیز ہو جو اُس نے اُس سے ظلم اور زبردستی سے لی ہو، یا اس کی ہتک عزت کی ہو، یا اور کوئی چیز ہو تو اُس کے لیے ضروری ہے۔ کہ دنیا میں اس سے معاف کرا لے، اور وہ ایسے وقت آنے سے پہلے بَری الذمہ ہو جائے جب (کسی مطالبے سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے) اس کے پاس نہ درہم ہوگا نہ دینار۔ اگر اس کے پاس اچھے اعمال ہوں گے تو حق کی بمقدار اس کے نیک عمل میں سے بطور عوض دلایا جائے گا، اور اگر اُس شخص

۱۔ ریاض الصالحین، ص ۱۱۳، ۱۱۴۔

to my custody, and he comes back and says: 'This is yours, and these are the presents I received'. Why did he not sit in the house of his father or mother and wait for his presents to come to him if he is telling the truth? By Allah, if any of you takes a thing to which he has no right, he will meet Allah on the Day of Rising up carrying it on his back; so let me not see any of you meet Allah carrying a grunting camel, or a

یہ مجھے ہدیہ دیا گیا ہے - (اگر ایسا ہی ہے) تو پھر یہ شخص اپنے ماں باپ کے گھر کیوں نہیں بیٹھ جاتا تا کہ گھر بیٹھے ہی اسے ہدیے آ جایا کریں - خدا کی قسم ! اگر تم میں سے کوئی شخص ذرہ برابر بھی اپنے حق سے بڑھ کر لے گا تو قیامت کے دن اس (مال) کو اُٹھائے ہوئے خدا کے دربار میں حاضر ہوگا اور میں تم میں سے اُس شخص کو پہچانوں گا کہ وہ بلبلاتے ہوئے اونٹ ، چیختی ہوئی گائے اور مَیں مَیں کرتی ہوئی بکری کو اُٹھائے ہوئے ہوگا -"

اس کے بعد آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ اتنے اُوپر اُٹھائے کہ بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی اور فرمایا : "اے اللہ ! میں نے تیرے احکام (پوری طرح)

curtain between him and God."

☆

"The Prophet sent a man from Azd called Ibn Lutbiyya to collect the Zakāt. When he returned, he said: 'This is yours, and these are the presents I received.' The Prophet went and mounted the pulpit, and after praising Allah, said: 'I send a man from among you to collect the Zakāt from those whom Allah has given

نہیں ہے[۱]۔"

☆

"رسول اللہ ؐ نے بنی ازد کے ایک شخص ابن اللتبیہ کو زکٰوۃ وصول کرنے کی غرض سے عامل بنا کر بھیجا ۔ جب یہ شخص زکٰوۃ و صدقات وصول کرکے واپس آیا تو کہنے لگا : "یہ مال تو تمھارا ہے اور یہ اتنا مجھے لوگوں نے ہدیہ دیا ہے ۔" رسول اللہ ؐ منبر پر تشریف لے گئے ، اللہ کی حمد و ثنا کی اور فرمایا : "میں تم لوگوں میں سے کسی ایک کو اُن چیزوں پر عامل بناتا ہوں جن کا خدا نے مجھے متولی اور نگران بنایا ہے ۔ لیکن وہ شخص آ کر کہتا ہے کہ یہ مال تمھارا ہے اور

۱- ریاض الصالحین ، ص ۱۱۳ ۔

